۳۔ کیا سبھی پیڑوں کی جڑیں ہوتی ہیں؟

.............................................................................

۴۔ اگر پودوں کی جڑوں میں پانی نہ دیں تو کیا ہوگا؟

.............................................................................

.............................................................................


۵۔ پودوں کو پانی کہاں سے اور کیسے ملتا ہے؟

.............................................................................

.............................................................................


آیئے اسے جاننے کے لئے ایک تجربہ کریں۔

شیشے کے دو گلاس لیجئے۔ ایک گلاس کے آدھے میں لال رنگین پانی اور دوسرے گلاس کے آدھے میں نیلا رنگین پانی ڈالیئے۔




اب دونوں پانی سے بھرے گلاسوں میں ایک ایک ملائم تنے والے پودے کو جڑ کے ساتھ اکھاڑ کر ڈال دیجئے۔
ایک دو گھنٹے کے لیے اسے ایسے ہی چھوڑ دیجیے

٦۔ دونوں پودوں کی پتیوں کو غور سے دیکھئے اور بتایئے کیا ہوا؟



..............................................................

..............................................................

..............................................................

..............................................................



۷۔ دونوں پودوں کے تنے کو بیچ سے کاٹ کر دیکھئے۔

بتایئے کہ اس میں پانی چڑھا کہ نہیں؟ آپ نے کیسے پتہ لگایا؟

..............................................................

..............................................................

۸۔ پتیوں کی نسوں میں رنگین پانی کیسے پہنچا ہوگا؟ سوچ کر بتایئے۔

..............................................................

..............................................................

۹۔ اس کو کرنے کے بعد بتایئے کہ پیڑ پودے پانی کیسے پیتے رہتے ہیں؟

..............................................................

..............................................................

..............................................................

..............................................................

اب آپ سمجھ گئے ہونگے کہ جڑیں پیڑ پودوں کو پانی پہنچانے کا کام کرتی ہیں لیکن کیا جڑوں کا کوئی اور کام بھی ہے؟
آیئے ایک عمل کر کے سمجھنے کی کوشش کرتے ہیں۔

آپ سبھی بچّے چار چار کے گروپ میں بنٹ کر ان چیزوں کو اکٹھا کیجیے

پلاسٹک گلاس، کچھ دانے مونگ، گیہوں، دھان، سرسوں یا چنا



کلاس کے بچے تین یا چار کے گروپ میں بنٹ جائیں۔اب ہر ایک گروپ الگ الگ طرح کے بیج لے۔ایک ہی طرح کے ۶۔۵ بیجوں کو ایک کٹوری میں پانی میں رات بھر بھگو دیجئے۔دوسرے دن پلاسٹک کے چوڑے منھ والے گلاس کو لیجئے۔اس میں مٹی بھر کر بیجوں کو ڈالئے اور اوپر سے کچھ مٹی ڈال دیجئے۔اوپر سے تھوڑا پانی چھڑک دیجئے۔

دھیان رکھئے کہ مٹی گیلی رہے۔اسے پانچ چھ دنوں تک روز دیکھئے کہ بیج سے کیا کچھ نکلتا ہوا دکھائی دے رہا ہے؟ آپ اپنی کاپی پر اس کی تصویر بنائیے۔اس کے بارے میں لکھئے اور بتائیے۔

۱۰۔ جڑ کس طرف نکلی اور تنا کس طرف نکلا۔لکھئے۔

.......................................................................................

.......................................................................................

۱۱۔ آخری دن ان پودوں کو مٹی سے الگ کرنے کی کوشش کیجئے۔
کیا الگ کرنے میں دقت ہوئی۔ذرا سوچئے ایسا کیوں ہوا؟

.......................................................................................

.......................................................................................

۱۲۔ان کی جڑوں کا جال کیسا ہے تصور بنائیے۔

آپ کے گھر یا اسکول کے باغ باغیچے میں جنگلی گھاس کے پودے نکل آتے ہیں۔جن کی ہمیں نکونی کرتی پڑتی ہے۔ایسے کسی جنگلی پودے کو اکھاڑیئے اور بتائیے۔

۱۳۔ کیا پودا پوری جڑ کے ساتھ اکھڑ گیا یا جڑ کا کچھ حصہ زمین میں ہی رہ گیا؟




۱۴۔ گھاس آسانی سے اکھڑ گئی یا زور لگانا پڑا؟

۱۵۔ کیا آپ کو گھاس کی جڑیں نکالنے کیلئے کھرپی کی ضرورت پڑی؟

۱۶۔ جنگلی پودے نکالنے میں آپ کو کتنا زور لگانا پڑا؟ کیوں؟

۱۷۔ آپ مولی اور گاجر کی جڑوں کو اکھاڑتے ہیں؟ مولی کی جڑوں کو کھینچ کر اکھاڑنے کے دوران آپ کو ایسی ہی مشکل ہوتی ہے؟



مولی کا پودا



گھاس

۱۸۔ گھاس اور مولی کی جڑوں کی تصویریں دیکھئے۔ان میں کیا فرق ہے؟

..............................................................................................................

..............................................................................................................

۱۹۔ گھاس اور مولی کے پودے کو زمین سے اکھاڑنے پر کون آسانی سے اکھڑے گا اور کیوں؟

..............................................................................................................

..............................................................................................................

۲۰۔ پیپل، نیم، برگد وغیرہ کے پرانے پیڑ آندھی کے باوجود آسانی سے کیوں نہیں اکھڑتے ہیں؟

..............................................................................................................

..............................................................................................................

## کیا آپ جانتے ہیں؟

آسٹریلیا میں ''ریگستانی اوک'' نام کا ایک پیڑ پایا جاتا ہے۔اس پیڑ کی اونچائی آپ کے کمرے کی دیوار کے برابر ہوتی ہے۔اور پتیاں بہت ہی کم۔ یہ پیڑ اوپر جتنا نظر آتا ہے اس کی جڑیں تیس گنا زمین کے اندر تک جاتی ہیں۔اس کی جڑیں جب تک پانی تک نہیں پہنچتیں تب تک بڑھتی رہتی ہیں۔ پانی جڑ سے ہو کر پیڑ کے تنے میں جمع ہوتا ہے جب کبھی اس علاقے میں پانی نہیں ہوتا تو یہاں کے لوگ اس کے تنے کے اندر پائپ ڈال کر پانی نکال لیتے ہیں۔

آپ نے دیکھا کہ بہت سی جڑیں زمین میں گہرائی تک بڑھتی چلی جاتی ہیں۔جس سے پیڑ پودے سیدھے کھڑے رہتے ہیں۔اور اپنا پانی لیتے رہتے ہیں۔

کیا آپ جانتے ہیں کہ بہت سی جڑیں کھائی بھی جاتی ہیں؟

۲۱۔ اپنے استاد کے ساتھ بات چیت کر کے کھائی جانے والی جڑوں کی فہرست بنائیے۔

..............................................................................................................

..............................................................................................................

..............................................................................................................

..............................................................................................................

## ارے جڑیں ایسی بھی!



۲۴۔ تصویر میں بچے کیا کر رہے ہیں؟

..........................................................................................

۲۵۔ یہ پیڑ کون سا ہے؟

..........................................................................................

۲۶۔ کیا آپ کبھی ایسا جھولا جھولے ہیں؟

..........................................................................................

۲۷۔ اپنے استاد سے پتہ کیجئے کہ یہ لٹکتے پیڑ کا کون سا حصہ ہے؟


..........................................................................................

مٹی کے اندر کی جڑیں :
پیڑوں کی بنیادی جڑیں :
پانی ہر دم چوسا کرتیں :
پودوں کی ہیں جان جڑیں :
گاجر، مولی، شلجم میں :
غذائیت کی انبار جڑیں :
روز کیا کرتی پیڑوں میں :
دیتی زندگی یہ جڑیں :
مٹی کے اندر ہیں جکڑی :
پودوں کی ہیں جان جڑیں :

S.S.A. 2015-16 (FREE)

سبق - 8

# دیکھ تماشہ





چلو چلو جی ہم سب مل کر
دیکھنے جائیں میلہ
بھیڑ بہت ہے جہاں بھی دیکھو
ہے لوگوں کا ریلا
طرح طرح کے ذائقے والے
پکوانوں کے ڈھیر لگے ہیں
رال ٹپکنے لگتی جی
بھرے پیٹ میں بھوک جگے
جھولا جھولو پانچ روپیہ میں
دو روپیہ میں غبارے
پیسے دے کر کرتب دیکھو
جوکر لگتے پیارے

۱۔ کیا آپ کبھی کسی میلے میں گئے ہیں؟

..........................................................................................

..........................................................................................

۲۔ آپ کو سب سے اچھا میلہ کون سا لگتا ہے؟

آج بچوں کے بیچ کافی چہل پہل ہے۔ دوپہر کے کھانے کے بعد ایک فلم ''تارے زمیں پر'' دکھائی جائے گی۔ سبھی بچوں نے فلم کا لطف اٹھایا۔ آپ نے بھی فلمیں دیکھی ہوں گی؟

۳۔ آپ کو کس طرح کی فلمیں اچھی لگتی ہیں؟ اپنی پسندیدہ کچھ فلموں کے نام لکھئے:

..........................................................................................

..........................................................................................

..........................................................................................

..........................................................................................

ہم کئی طرح سے اپنا دل بہلاتے ہیں۔ کبھی میلہ دیکھنے جاتے ہیں تو کبھی فلم دیکھنے جاتے ہیں۔ اسی طرح کچھ لوگ پتنگ اڑا کر بھی اپنا دل بہلاتے ہیں۔

۴۔ آپ اپنی پسند کی پتنگوں کی تصویر بنائیے۔ اس میں رنگ بھریے۔

۵۔ پتنگ اڑانے کیلئے کن کن چیزوں کی ضرورت ہوتی ہے؟

..........................................................................................

..........................................................................................

۶۔ پورے ہندستان میں کن کن مواقع پر اڑائی جاتی ہے۔آپ کس موسم میں پتنگ اڑاتے ہیں؟

.......................................................................................................

.......................................................................................................

۷۔ ہندستان کے الگ الگ حصوں میں کن کن مواقع پر پتنگیں اڑائی جاتی ہیں؟ پتہ لگایئے

| نمبر شمار | ریاستوں کے نام | مواقع |
|---|---|---|
| ۱ | راجستھان | مکر سنکراتی |
| ۲ | بہار | |
| ۳ | دہلی | |

۸۔ ہم کئی طرح سے اپنا دل بہلاتے ہیں۔کبھی ہم دوستوں کے ساتھ کھیلتے ہیں تو کبھی بڑوں کے ساتھ باہر جاتے ہیں۔آپ اپنے دل بہلانے کیلئے کون سا کام کرتے ہیں؟

دوستوں کے ساتھ.......................................................................................

.......................................................................................................

بڑوں کے ساتھ.........................................................................................

.......................................................................................................

۹۔ کھیل، تماشہ اور تفریح کے جو ذرائع ہیں ان سے ہمیں کیا فائدے ہیں؟

.......................................................................................................


.......................................................................................................

پروجیکٹ کا کام

رنگین کاغذ اور کماچی کی مدد سے آپ بھی اپنی پتنگ بنا کر اڑایئے!

سبق-9

# ماموں گھر آئے



یاور اور ندا نے نئے کپڑے پہنے ہیں۔ بنارس سے ان کے ماموں آنے والے ہیں۔
ماموں گھر آ گئے۔ سبھی بچے ان کو گھیر کر بیٹھ گئے۔ اماں بہت خوش تھیں، بولیں
"اماں اور ابا جان کیسے ہیں؟
ماموں بولے۔ اماں اور ابا جان اچھے ہیں۔ فصل کٹنے کے وقت گاؤں گئے تھے۔
اسی وقت یاور بول پڑا۔ پچھلے سال جب میں گاؤں گیا تھا اس وقت باغیچے میں بڑے بڑے آم لگے تھے۔"
ماموں نے بتایا اس بار آم نہیں کے برابر آئے ہیں۔ کچھ پیڑ آندھی میں گر بھی گئے۔

S.S.A. 2015-16 (FREE)

## آپس میں بات چیت کیجیے۔

۱۔ یاور کی ماں کا بچپن کہاں گذرا تھا؟

.....................................................................................................

۲۔ آپ کی ماں بچپن میں کن کن لوگوں کے ساتھ رہتی ہوں گی؟

.....................................................................................................

.....................................................................................................

۳۔ آپ کی اماں آپ کے ابا کے ساتھ رہنے کس طرح آئی ہوں گی؟

.....................................................................................................

.....................................................................................................

## سوچیے اور لکھیے۔

۴۔ یاور کے ماموں بنارس میں نہ رہ کر گاؤں میں رہتے ہیں، کیوں؟

.....................................................................................................

.....................................................................................................

.....................................................................................................

.....................................................................................................

۵۔ آپ کے گھر کے کون کون افراد پہلے آپ کے ساتھ رہتے تھے جو آج نہیں رہتے؟ اب وہ کہاں رہتے ہیں اور اس کی کیا وجہ ہو سکتی ہے؟

| نمبر شمار | افراد کے نام | اب کہاں رہتے ہیں | وجہیں |
|---|---|---|---|
| ۱ | | | |
| ۲ | | | |
| ۳ | | | |
| ۴ | | | |

ابا ماموں سے باتیں کرنے لگے۔ ماموں نے بتایا۔انجم باجی کی نند زینب کے بی۔اے پاس کرتے ہی بڑی دھوم دھام سے شادی ہوگئی۔لڑکے والے مونگیر کے رہنے والے ہیں۔دولہا دلہن کی جوڑی بہت اچھی لگ رہی تھی۔سبھی لوگ خوش تھے۔آپ لوگ نہیں آئے۔آپ لوگوں کی کمی بہت محسوس ہو رہی تھی۔سبھی لوگ آپ کو یاد کر رہے تھے۔اماں نے کہا بچوں کے پرچے چل رہے تھے۔اس لئے نہیں آپائے۔

بتایئے.........................

۶۔ شادی کے بعد زینب کہاں رہے گی؟

..............................................................................................................

..............................................................................................................

۷۔ زینب کو وہاں کن کن رشتوں سے جانا جائے گا

..............................................................................................................

..............................................................................................................

..............................................................................................................

۸۔ آپ اپنے گھر کے فرد سے پوچھ کر بتایئے کہ وہ اپنی شادی کے پہلے کہاں رہتے تھے اور کن کے ساتھ رہتے تھے؟

| ترتیب | رشتہ داروں کے نام | جہاں شادی کے پہلے رہتے تھے | کن کے ساتھ رہتے تھے |
|---|---|---|---|
| ۱ | اماں | | |
| ۲ | پھوپھی | | |
| ۳ | چچا | | |
| ۴ | چچی | | |
| ۵ | ابا جان | | |

استاد کی مدد سے پتہ لگائیے:

۹۔ شادی کے وقت زینب اور اس کے دولہے کی عمر کتنی رہی ہوگی؟

زینب.................. سال دولہا.................. سال

۱۰۔ جب آپ کے اماں ابا کی شادی ہوئی ہوگی تو ان کی عمر کتنی رہی ہوگی؟

اماں.................. سال ابا.................. سال

۱۱۔ آپ کی دادی اور نانی کی شادی کتنی عمر میں ہوئی ہوگی؟

دادی.................. سال نانی.................. سال

۱۲۔ قانوناً لڑکے اور لڑکی کی شادی کی عمر کتنی ہے؟

لڑکا.................. سال لڑکی.................. سال

ماموں اور ابا باتیں کر رہے تھے اسی وقت دادا جان آگئے۔ ماموں نے انہیں سلام کیا۔ دعا دیتے ہوئے دادا جان نے ماموں سے پوچھا۔ نوکری کیسی چل رہی ہے؟ ماموں نے بتایا۔ میری نوکری حیدرآباد میں ہوگئی ہے۔

دادا جان نے حیرانی سے پوچھا۔ اتنی دور جاؤ گے؟

ماموں نے کہا، جانا تو ہوگا ہی۔ اونچے عہدے پر جانے کا معاملہ ہے۔ ماموں نے پھر بتایا کہ وہ نئے شہر اکیلے ہی جائیں گے۔ ممانی اور زیبا بعد میں جائیں گی۔ نانا جان اور نانی جان اپنے گاؤں سے دور نہیں جانا چاہتے ہیں۔ اس لئے وہ گاؤں میں ہی رہیں گے۔ زیبا تھوڑا اداس ہے۔ اس کے سارے دوست چھوٹ جائیں گے۔

ذرا سوچئے اور بتائیے:

۱۳۔ زیبا کے گھر میں اب کون کون لوگ رہ جائیں گے؟

..................................................

۱۴۔ کیا زیبا کے دوست بدل جائیں گے؟

..................................................

۱۵۔ کیا زیبا کا اسکول بھی بدل جائے گا؟


..................................................

۱۶۔ آپ کے گھر کے سبھی لوگ باہر جانے والے لوگوں کے ساتھ نہیں جاتے ہیں۔ اس کی کیا کیا وجہیں ہوسکتی ہیں؟

..................................................

..................................................

..................................................




۱۷۔ نِدااور یاور کے خاندان کی چھوٹی فہرست دکھائی گئی ہے۔آپ بھی اپنے داداجان کے خاندان کی فہرست بنائیے۔

(i) داداجان کے اباجان کا نام:

(ii) داداجان اوران کے بھائی بہنوں کے نام

(iii) اباوران کے بھائی بہنوں کے نام

اسی طرح آپ اپنی کاپی پراپنے ناناجان کے گھر کے افراد کے نام لکھئے۔اس فہرست میں ناناجان اوران کے گھر کے افراد کے نام اورآپ اپنے بھائی بہنوں کے نام لکھئے۔

۱۸۔ آپ کے ساتھ آپ کے گھر میں کون کون لوگ رہتے ہیں؟

.....................................................................................................

۱۹۔ آپ کے دادا، دادی اور نانا، نانی کہاں رہتے ہیں؟

.....................................................................................................

۲۰۔ آپ اپنے استاد اور گاؤں کے لوگوں سے پوچھ کر پتہ لگائیے کہ لوگ ایک جگہ سے دوسری جگہ کیوں چلے جاتے ہیں۔ ان وجوہات کو لکھیے:

| | | |
|---|---|---|
| .................... | .................... | .................... |
| .................... | .................... | .................... |
| .................... | .................... | .................... |

۲۱۔ اپنے پڑوسیوں سے بات کیجئے اور اس جدول کو بھریئے۔


| نمبر شمار | سوالات | آپ کا اپنا خاندان | دوست کا خاندان | پاس پڑوس کا خاندان |
|---|---|---|---|---|
| ۱ | ابھی آپ کے گھر میں کتنے لوگ ہیں؟ | | | |
| ۲ | خاندان میں دس سال پہلے کتنے لوگ تھے؟ | | | |
| ۳ | خاندان میں دس سالوں میں جو بدلاؤ آیا ہے ان کی کیا وجہ ہے؟ | | | |
| ۴ | ان بدلاؤ سے کیسا لگتا ہے؟ | | | |

ماموں سبھی کے لئے کچھ نہ کچھ تحفہ لائے تھے۔ یاور کے لئے نئی پینٹ شرٹ، ندا کے لئے فراک، اماں کے لئے خوبصورت سی ساڑی۔ اماں نے زینب کے لئے تو تحفے دیئے۔ ماموں نے سب کو سلام کیا اور پھر بنارس لوٹ گئے۔

☆

سبق - 10

# چھٹھ کا تہوار اور بچے



۱۔ اوپر بنی تصویر میں کون سا تہوار منایا جارہا ہے؟

..............................................................................................

..............................................................................................

۲۔ چھٹھ کا تہوار کب منایا جاتا ہے اور اس میں کن کی پوجا کی جاتی ہے؟

..............................................................................................

..............................................................................................

۳۔ آپ کے گھر میں یہ تہوار کیسے منایا جاتا ہے؟

..............................................................................................

..............................................................................................

..............................................................................................

۴۔ اس موقع پر کیا باہر رہنے والے خاندان کے لوگ بھی آتے ہیں؟

.................................................................................................

.................................................................................................

کلاس کے بچے آپس میں گفتگو کر رہے تھے۔ شوانگی بولی۔ ''ماں کے اسرار پر ہم لوگوں کی پھوپھی اس بار چھٹھ کرنے یہاں آئی ہیں۔ دادی بیمار ہیں ماں کو دادی کی خدمت کرنی پڑتی ہے۔''

تبھی اُمیش بولا ''کیا تم اپنی ماں کی مدد نہیں کرتی ہو؟ میں تو اپنی ماں کی ہر بات مانتا ہوں اور ان کے کام میں مدد بھی کرتا ہوں۔''

شوانگی بولی۔ ''میں بھی ماں سے پوچھ کر دادی کو دوا اور پانی دیتی ہوں۔ ان کے پاس بیٹھتی ہوں اور بات چیت کر کے ان کا دل بہلاتی ہوں۔''

۵۔ آپ اپنے سے بڑوں کی مدد کیسے کرتے ہیں؟

.................................................................................................

.................................................................................................

.................................................................................................

.................................................................................................

یہ بات چیت اکرم بہت دھیان سے سن رہا تھا۔ تہوار اور ایسے مواقع پر ہم میں جوش تو بھرتے ہی ہیں ساتھ ہی بہت کچھ سکھاتے بھی ہیں۔'' ششما کہاں چپ رہنے والی تھی ''ارے میں نے تو ٹھکوا بنانے میں ماں کی مدد کی۔ اس سے مجھے ٹھکوا بنانا آ گیا۔ وکاس بولا۔ ہاں ہاں میں بھی پاپا کے ساتھ بازار گیا تھا وہاں ہم نے کچھ سامان خریدے ہیں۔

۶۔ آپ اپنے گھر کے فرد سے کچھ نہ کچھ ضرور سیکھتے ہوں گے۔ آپ نے کون سے کام کن سے سیکھا ہے۔ انکی ایک فہرست بنائیے۔

| ترتیب | وہ کام جنہیں بڑوں کے ساتھ کرتے ہیں یا جن میں بڑوں کی مدد کرتے ہیں | کن سے سیکھا |
|---|---|---|
| ۱ | | |
| ۲ | | |
| ۳ | | |
| ۴ | | |
| ۵ | | |
| ۶ | | |

شیوانگی اور اُمیش کی باتیں کارتک سن رہا تھا۔

شیوانگی بولی۔ کارتک تمہارے گھر چھٹھ میں کون کون آئے ہیں؟

کارتک بولا، یہی تو ایک تہوار ایسا ہے جس میں میرے خاندان کے سبھی لوگ چاچا چاچی۔ پھوا اور ان کے بچے آتے ہیں۔ اس بار بھی وہ سبھی لوگ آئے تھے۔ ہم لوگوں نے خوب مزہ کیا۔ ان کے چلے جانے سے ہی دل نہیں لگ رہا ہے۔ میں سوچ رہا ہوں کہ اب ایسا کون سا موقع آئے گا جب ہم سب پھر سے اکٹھا ہوں گے۔''

آپ کے یہاں بھی ایسے مواقع آتے ہوں گے جب خاندان کے سبھی افراد جمع ہوتے ہوں گے۔ ویسے مواقع کا نام لکھئے اور اس جدول (ٹیبل) کو پورا کیجئے۔

| تہوار | دیگر مواقع |
|---|---|
| درگا پوجا | شادی |
| | |
| | |
| | |
| | |
| | |

کارتک یہ جاننے کیلئے بے چین ہو رہا تھا کہ آخر خاندان کے افراد باہر جاتے ہی کیوں ہیں؟ رمیش بولا۔ روپیہ پیسہ کمانے کیلئے اور کس لئے؟ روپیہ سے ہی گھر بنتا ہے۔ قمیص بنتی ہے، علاج ہوتا ہے۔ کھانا ملتا ہے۔''

شوانگی زور سے ہنسی اور بولی۔ بھلا روپیہ بھی کوئی کھاتا ہے؟

۸۔ آپ کے گھر میں بھی روپیوں کی ضرورت پڑتی ہوگی؟ یہ روپیہ آپ کے گھر کے لوگ کس طرح کماتے ہیں۔ پانچ سے دس جملوں میں لکھیے۔

..........................................................................

..........................................................................

..........................................................................

..........................................................................

۹۔ آپ کے خاندان میں طرح طرح کے کام ہوتے ہوں گے۔ کچھ کاموں سے آمدنی ہوتی ہوگی۔ آپ اپنے اپنے دوست اور پاس پڑوس کے خاندان سے بات چیت کیجئے۔ پتہ لگایئے کہ کس کام سے آمدنی ہوتی ہے اور کس کام سے نہیں۔ الگ الگ خاندانوں میں ان کاموں کو کون کرتے ہیں؟

| کاموں کی فہرست | آمدنی | فیصلہ کرنے والے | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| | ہاں/نہیں | اپنا خاندان | دوست کا خاندان | پڑوسی کا خاندان | |
| کھیتی/فصل لگانا | ہاں | دادا جان | ابا جان | دیدی | بھائی جان |
| کھانا بنانا | نہیں | امی | امی | | |
| دھان بیچنا | | | | | |
| بچوں کو اسکول بھیجنا | | | | | |
| میلہ دیکھنے جانا | | | | | |
| جانور خریدنا | | | | | |
| کپڑے خریدنا | | | | | |
| دال سبزی خریدنا | | | | | |

اس کام کو کرنے میں رشید کو بڑا مزہ آیا۔ رشید نے اپنے دوستوں کو بتایا کہ میرے پڑوس کے ایک خاندان کے سبھی فیصلے ایک فرد جو گھر کے بزرگ ہیں وہی کرتے ہیں۔ گاؤں میں کھاد، بیج اور جراثیم کش دواؤں کی دکانیں نہیں ہیں۔ اس خاندان کا ایک فرد، اجمل، بینک سے قرض لے کر آمدنی کے لئے دکان کھولنا چاہتا تھا۔ سبھی لوگوں کے مان جانے کے باوجود گھر کے بزرگ نے کسی کی ایک نہ سنی اور انہوں نے دکان کھولنے سے منع کر دیا۔

**۱۰۔ بتایئے:**

(i) آپ اجمل کی جگہ ہوتے تو کیا کرتے؟

..............................................................................................

..............................................................................................

(ii) کیا آپ کے ساتھ کبھی ایسا ہوا ہے کہ آپ کچھ ایسا کرنا چاہتے ہیں اور گھر کے بڑے بزرگوں نے منع کر دیا ہو؟

..............................................................................................................................................

..............................................................................................................................................

(iii) آپ کے گھر میں الگ الگ کاموں کیلئے فیصلے کون کرتا ہے؟

..............................................................................................................................................

(iv) اگر آپ کے گھر یا رشتہ داری میں ہمیشہ ایک ہی فرد اپنی بات منواتا رہے تو آپ کو کیسا لے گا؟

..............................................................................................................................................

..............................................................................................................................................

سمانے کہا۔ ''میرا باجی پڑھنے کیلئے بھوونیشور جانا چاہتی تھی۔ ابّا نے کہا ایسا نہیں ہوسکتا۔ وہاں اسے ہاسٹل میں رہنا ہوگا۔ اسے وہاں کوئی دیکھنے والا نہیں ہوگا۔ ابا نے کہا پڑھنا ہے تو یہیں پڑھو ورنہ پڑھنا بند کردو۔ باجی رونے ہوگئی۔ امی نے سمجھاتے ہوئے کہا لڑکیاں آسمان کی سیر کررہی ہیں اور آپ اسے بھوونیشور نہیں جانے دینا چاہتے ہیں۔ چچانے کہا لڑکیاں پڑھیں گی۔ ابا کو بھی لگا یہ لوگ ٹھیک کہہ رہے ہیں۔ اخیر میں یہی طے پایا کہ باجی پڑھنے جائیں گی۔


☆

S.S.A. 2015-16 (FREE)

سبق ۔11

# آؤ بنائیں نقشہ

ایک دن ادیب کے والد نے اسے خط ڈالنے، ڈاک خانہ بھیجا۔ نیچے اس راستے کا ایک فطری نقشہ دیا گیا ہے۔ اس نقشے میں راستے میں آ رہی الگ الگ چیزوں اور جگہوں کو کسی نہ کسی نشان سے دیکھایا گیا ہے۔





۱۔ دئے گئے فطری نقشے کو دیکھ کر بتائیے کہ ادیب کو اپنے گھر سے ڈاک خانہ جانے کے راستے میں کیا کیا ملے گا؟

..................................................................................................................

..................................................................................................................


۲۔ جب آپ اپنے گھر سے اسکول جاتے ہیں تو آپ کو راستے میں پیڑ، کنواں، مندر وغیرہ ملتے ہوں گے۔ اپنے گھر سے اسکول پہنچنے تک کے راستے کا فطری نقشہ بنائیے۔ راستے میں آرہی چیزوں اور جگہوں کی نشاندہی کر کے دکھائیے۔ آپ اپنے من چاہے نشان بنا سکتے ہیں لیکن انہیں نیچے بتانا مت بھولئے گا۔

نشان کیا بنا ہے؟


ادیب کی بہن زہرہ نے سمت کو پہچاننا سیکھ لیا ہے۔ وہ طلوع ہوتے سورج کا سہارا لے کر یہ بتا سکتی ہے کہ اس کا گھر، اسکول یا کوئی اور جگہ کس سمت میں ہے۔

ایک دن اس نے اپنے اسکول کے پاس پڑوس کی جگہوں کو ان کے سمت کے مطابق کاغذ پر بنایا۔


زہرہ کا نقشہ:




ادیب نے جب زہرہ کا بنایا ہوا نقشہ دیکھا تو بولا نقشہ تو تمہارا بالکل صحیح ہے۔ لیکن کاغذ پر جب نقشہ بناتے ہیں تو شمالی سمت ہمیشہ اوپر کی طرف رکھتے ہیں۔ مطلب کسی جگہ سے مشرق کی طرف کی جگہ کو اوپر کی طرف بنایا جائے گا۔ جنوب کی طرف کی جگہوں کو نیچے کی طرف۔ اسی طرح کاغذ کی دائیں طرف مشرق کی جگہوں کو اور بائیں طرف مغرب کی جگہوں کو بنایا جاتا ہے۔ اس بات کو سمجھانے کیلئے میں اپنے نقشہ پر یہ نشان بناتا ہوں۔



ادیب کا بنایا نقشہ:




۳۔ زہرہ کے نقشہ اور اس کے بھائی کے نقشے میں کیا فرق ہے؟ دونوں تصویر کو دیکھ کر سمجھائے۔

..................................................................................................


۴۔ آپ اپنے اسکول کے آس پاس کی جگہ کا نقشہ بنایئے

S.S.A. 2015-16 (FREE)

آپ نے تیسرے درجے میں سمت پہچاننا سیکھ لیا ہوگا۔ اس درجہ میں آپ نے یہ سیکھ لیا کہ نقشوں کے ساتھ ایک معلوماتی فہرست بھی بنائی جاتی ہے۔ اور نقشے میں سمت کیسے دکھایا جاتا ہے۔ یہ نقشہ آزاد نے بنایا ہے۔ یہ اس کے اسکول کے پاس پڑوس کا نقشہ ہے۔ نقشے میں کھیت، گھیرا وغیرہ کھائے گئے ہیں۔ اس نے نقشے کی علامتی فہرست بھی ساتھ بنائی ہے۔

علامتی فہرست



نقشہ اور فہرست علامت دیکھ کر ان سوالوں کے جواب دیجیے:

(i) چاپا نل آزاد کے اسکول سے کس سمت میں ہے؟ ..............................

(ii) سڑک، آزاد کے اسکول سے کس سمت میں ہے؟ (دونوں سڑکوں کے بارے میں بتائیے):

..............................

(iii) ریل لائن، آزاد کے اسکول سے کس سمت میں ہے؟ ..............................

(iv) ندی اسکول سے کس سمت میں ہے؟ ..............................

(v) سڑک کے مشرق سمت میں کیا ہے؟ ..............................

۲۔ اب آپ بنائیے:

☆ جو بھی بناتے ہیں اگر اس کی علامت فہرست میں نہیں ہوں تو انہیں فہرست میں فوراً جوڑ دیئے۔

(i) آزاد کے اسکول کے جنوب میں ایک پیڑ بنائیے (گھیرے کے اندر)

(ii) اسکول کے شمال میں (گھیرے کے باہر) رامو کا گھر بنائیے۔

(iii) اسکول کے جنوب میں پنچایت گھر بنائیے۔

(iv) مندر کے مغرب میں ایک گھر بنائیے۔

(v) گھیرے میں ایک اور پیڑ بنائیے۔

☆ اب بتائیے:

(i) ریلوے لائن کے جنوب میں کیا کیا ہے؟ ..............................

(ii) کھیتوں کے مغرب میں کیا کیا ہے؟ ..............................

(iii) اسکول کے مشرق میں کیا کیا ہے؟ ..............................

(iv) آزاد کے اسکول کے جنوب میں ندی ہے لیکن اسکول ندی کے کس سمت میں ہے؟

..............................

۸۔ آپ بھی اپنے اسکول کا نقشہ بنائیے۔ یاد رہے۔ شمال کی جانب منھ کر کے بیٹھنا اور جو جو سامنے ہو یعنی شمال میں اسے اوپر بنانا۔

(i) پیچھے ہو یعنی .................... میں اسے نیچے کی طرف بنانا۔

(ii) جو دائیں پر ہو یعنی .................... میں، اسے .................... ہاتھ پر بنانا۔

(iii) اور جو بائیں ہاتھ پر ہو یعنی .................... میں اسے .................... ہاتھ پر بنانا۔

سبق-12

# اپنا پیارا گھر



ننھی گوریا کو انڈے دینے ہیں۔ وہ چاہتی تھی کہ ایک اچھا گھونسلا بنائے۔ جہاں وہ سکون سے انڈے دے سکے۔ اور اپنے بچّے کی حفاظت کے ساتھ دیکھ بھال کر سکے۔ گھونسلا بنانے کے پہلے اس نے دوسرے پرندوں کے گھونسلوں کو دیکھنا ضروری سمجھا۔ سب سے پہلے وہ گڈ کو کبوتر سے ملی۔ گڈ کو دادا! ایک اچھا گھونسلہ بنانے کے لئے تمھاری صلاح چاہئے۔ ”گھونسلے کو اچھا بنانے کیلئے زیادہ محنت بے کار ہی ہے۔ کیونکہ زیادہ سے زیادہ مہینے بھر کیلئے ہی گھونسلے کی ضرورت رہتی ہے۔ میری ہی طرح کہیں بھی چار تنکوں کو جمع کرلو اور کام چلالو“



”یہ بھی کوئی بات ہوئی“، ننھی نے سوچا اور بغیر کچھ کہے وہاں سے چل پڑی۔ راستے میں مٹھو ماما سے ملاقات ہوگئی۔ ”مٹھو ماما مجھے ایک شان دار مکان بنانا ہے۔ میری کچھ مدد کروے گے؟“ ”بناتی کیوں ہو؟“ میری ہی طرح کوئی کھوکھلا تنا دیکھ لونا“۔ ننھی نے کھوکھلے تنے میں جھانک کر دیکھا۔ ”باپ رے، یہ گھر ہے یا اندھیرا کنواں۔



اس کے بعد ننھی بیا سے ملی۔ بیا بولی۔ ”میرا گھونسلہ بے شک شاندار ہے لیکن یہ تمہارے لئے بڑا مشکل کام ہوگا ننھی۔“

”ویسے بھی اس میں کھڑکیاں تو ہیں ہی نہیں۔ ننھی نے دل ہی دل میں سوچا اور درزن کے پاس پہنچی۔

درزن اس وقت گھاس کے مضبوط ریشوں سے پتوں کی سلائی کر گھونسلہ بنا رہی تھی۔ وہ سوئی کا کام اپنی نوکیلی چونچ سے لے رہی تھی۔

درزن فخر سے ننھی کی جانب دیکھتے ہوئے بولی۔ ''تمہارے لئے میرے جیسا گھر بنانا ممکن نہیں ہے۔ کیونکہ تمہارے پاس میری جیسی چونچ نہیں ہے۔ تم بلبل، فاختہ اور کالے کوے کا گھونسلہ دیکھ لو۔ انہیں آسانی سے بنایا جاسکتا ہے۔ بلبل کے گھونسلے کو دیکھتے ہی ننھی بولی یہ تو کوئی خاص نہیں ہے۔''



اور کوے کے گھونسلے کو دیکھتے ہوئے بولی۔ ''اتنا بڑا گھونسلہ'' اور ایسا کانٹے دار اور سخت؟



میرے نازک بچے بھلا ایسے گھر میں کیسے رہیں گے؟ لیکن اب وہ وقت آگیا ہے۔ مجھے گھونسلہ بہت جلد بنالینا چاہئے۔''

''کیا کروں؟ کیسے گھونسلہ بناؤں؟ ننھی سوچ رہی تھی۔ تبھی تاروں پر بیٹھا نیل کنٹھ بولا، تم تو اپنے طریقے سے ہی اپنا گھر بناؤ وہی سب سے اچھا گھر ہوگا۔''

ننھی نے ویسا ہی کیا اور اپنے گھونسلے میں چار انڈے دئے۔ انڈوں کو سینے کیلئے بیٹھی ننھی کو لگا کہ یہ گھونسلہ ہی اس کا سب سے پیارا اور انوکھا گھر ہے۔

☆ بتایئے:

۱۔ کیا سبھی پرندوں کے گھونسلے ایک جیسے ہیں۔ ..................................................

۲۔ کہانی میں کن کن پرندوں کے بارے میں بات کی گئی ہے؟ آپ کو سب سے اچھا گھونسلہ کون سا لگا اور کیوں؟

..................................................................................................................................

..................................................................................................................................

..................................................................................................................................

..................................................................................................................................

۳۔ سبھی پرندے اپنے لئے الگ الگ طرح سے رہتے اور انڈہ دینے کے لئے خاص جگہوں کو چنتے ہیں۔ اپنے دوستوں کے ساتھ پرندوں کے رہنے کی جگہ اور اسے بنانے کیلیے سامانوں کا پتہ چلایئے۔

| نمبر شمار | پرندوں کے نام | گھونسلہ کہاں بنا ہوا ہے | بنانے میں لگی اشیا کا نام |
|---|---|---|---|
| ۱ | کوّا | | |
| ۲ | کبوتر | | |
| ۳ | طوطا | | |
| ۴ | درزن چڑیا | | |
| ۵ | الوّ | | |
| ۶ | گوریا | | |
| ۷ | کٹھ پھوڑوا | | |
| ۸ | نیل کنٹھ | | |
| ۹ | بیا | | |

۴۔ جو پرندے آپ کے گاؤں میں رہتے ہیں ان کے گھونسلے کو ڈھونڈنے کی کوشش کیجئے۔ اسے بغیر چھوئے اور نقصان پہنچائے اسے روزانہ دیکھئے۔ کسی ایک گھونسلے کے بارے میں بتلائیے۔

(i) گھونسلہ کس پرندہ کا ہے؟ ..............................

(ii) گھونسلہ کن کن چیزوں سے بنا ہے؟ ..............................

..............................

..............................

(iii) اس میں انڈے ہیں یا نہیں؟ ..............................

(iv) انڈوں کا رنگ کیسا ہے؟ ..............................

(v) بچے کیسی آواز نکالتے ہیں؟ ..............................

(vi) ان کے پر کتنے دنوں بعد نکلے؟ ..............................

(vii) انہوں نے اڑنا کیسے سیکھا؟ ..............................

..............................

..............................

(ح) چڑیا اپنے بچوں کو کیا کیا کھلاتی ہے اور کیسے کھلاتی ہے؟

..............................

..............................

۵۔ ہمارے پاس پڑوس کے جاندار مختلف جگہوں پر رہتے ہیں۔ کچھ زمین پر تو کچھ پانی میں یا کچھ دونوں جگہوں پر۔ جب کہ کچھ جاندار پیڑوں پر اپنا گھر بناتے ہیں۔ آپ اپنے پڑوس میں رہنے والے جانداروں کی فہرست اس جدول کے مطابق بنائیے۔

| نمبر شمار | زمین پر رہنے والے | پیڑوں پر رہنے والے | پانی میں رہنے والے | زمین اور پانی دونوں میں رہنے والے |
|---|---|---|---|---|
| ۱ | | | | |
| ۲ | | | | |
| ۳ | | | | |
| ۴ | | | | |

S.S.A. 2015-16 (FREE)

## ماحولیاتی مطالعہ:

جس طرح مختلف جاندار الگ الگ جگہ پر رہتے ہیں اسی طرح ان کے مسکن بھی الگ الگ طرح کے ہوتے ہیں۔ کچھ غاروں میں رہتے ہیں اور کچھ سوراخ میں۔ کچھ پرندے گھونسلے میں رہتے ہیں تو کچھ کھوکھلے تنوں میں۔ پتہ کیجئے کون سے جاندار کیسے مسکن میں رہتے ہیں۔

| جاندار | مسکن | جاندار | مسکن |
|---|---|---|---|
| چوہا | | اُلو | |
| چیونٹی | | گیدڑ | |
| مور | | سانپ | |
| بھالو | | بندر | |

۶۔ بہت سارے جاندار دن میں باہر نکلتے ہیں اور رات میں اپنے مسکن میں رہتے ہیں لیکن کچھ جاندار صرف رات میں ہی اپنے مسکن سے نکلتے ہیں۔ کون کون سے جاندار ہیں جو رات میں باہر نکلتے ہیں؟ یہ جاندار دن میں کہاں رہتے ہیں؟

| نمبر شمار | رات میں دکھائی دینے والے جاندار | دن میں وہ کہاں رہتے ہیں |
|---|---|---|
| ۱ | | |
| ۲ | | |
| ۳ | | |
| ۴ | | |

بچو! آپ گھاس پھوس اور تنکوں کی مدد سے ایک گھونسلہ بنائیے اور اس میں روئی کے دو تین انڈے بنا کر رکھئے۔

# کھیت سے گھر تک

میرا نام رضیہ ہے۔ میں سلطان پور میں رہتی ہوں۔ میرے والد کسان ہیں۔ میرے کھیتوں میں دھان، گیہوں، دَلہن، تلہن، سبزیاں وغیرہ بوئی جاتی ہیں۔ جب فصل بونے کا وقت آتا ہے تو مجھے بڑا اچھا لگتا ہے۔



۱۔ آپ کے گاؤں میں کون کون سی سبزیاں، دال اور پھل وغیرہ اگائے جاتے ہیں؟

| نمبر شمار | اناج | دال | پھل | سبزیاں |
|---|---|---|---|---|
| ۱ | | | | |
| ۲ | | | | |
| ۳ | | | | |
| ۴ | | | | |

والد محترم بتاتے ہیں، فصل اچھی ہو اس کے لئے بہت محنت کرنی پڑتی ہے۔ سب سے پہلے فصل بونے کے لئے کھیت کی جوتائی کرنی پڑتی ہے۔ پھر بوائی، نرائی، گڑائی اور وقت وقت پر پانی دینا (سینچائی) بھی ضروری ہے۔ کچھ اناج جاڑے میں بوتے ہیں اور گرمی میں کاٹے جاتے ہیں اور کچھ گرمی میں بوئے جاتے ہیں اور سردی میں کاٹے جاتے ہیں۔